احسان احمد شجاع آبادی، مولانا محمد علی جالندھری، مولانا لعل حسین اختر اور مولانا عبدالرحمٰن میانوی (موصوف دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ میں پڑھتے رہے) رحمہم اللہ اور دیگر کئی حضرات حزب الانصار بھیرہ کے جلسوں میں شریک ہوتے۔ مولانا ظہور احمد بگویؒ نے تحریک خلافت (۱۹۲۰ء) میں بھرپور حصہ لیا اور مجلس احرار اسلام کے ساتھ خصوصی اشتراک عمل اختیار کیا۔ احرار کی تحریک کشمیر (۱۹۳۰ء)، تحریک مدح صحابہ (۱۹۴۰ء) لکھنؤ کی مکمل حمایت کی۔ احرار کانفرنس قادیان اکتوبر ۱۹۳۴ء میں سر ظفر اللہ کی انگریزی حکومت میں مسلمانوں کی نمائندگی کے خاتمے کی قرارداد کے محرک حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ اور مؤید مولانا ظہور احمد بگویؒ تھے۔ تحریک مسجد شہید گنج (۱۹۳۵ء) میں بھی احرار کے مؤقف کی حمایت کی۔ غرض خانقاہِ بگویہ سے عقیدۂ ختم نبوت اور مقام صحابہ کے تحفظ کے لیے ہمیشہ ایک توانا آواز اٹھی اور انہوں نے اس کی پاداش میں قید و بند کی تمام صعوبتیں برداشت کیں۔ ڈاکٹر صاحبزادہ انوار احمد بگوی اسی خاندان کے فردِ فرید ہیں۔ انہوں نے کمال محنت اور عرق ریزی سے تحقیق و تدوین کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک علمی و دینی خاندان کے احوال کو جمع کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے اور دوسری جلد کی تکمیل و اشاعت کی سعادت سے بھی نوازے۔ آمین

(تبصرہ: کفیل بخاری)

❑ کتاب: مسنون نماز　　　مصنف: حکیم محمود احمد ظفر

ضخامت: ۲۳۶ صفحات　　　قیمت: ۱۰۰ روپے　　　ناشر: ادارہ معارف اسلامیہ، مبارک پورہ۔ سیالکوٹ

جناب حکیم محمود احمد ظفر کا نام قلم و کتاب کی دنیا میں، دین و دانش کے حوالے سے معروف اور ممتاز ہے۔ اس سے پہلے مختلف موضوعات پر حکیم صاحب کی کئی وقیع کتابیں مقبولیت عام کا درجہ حاصل کر چکی ہیں۔ زیرِ نظر کتاب میں نماز کی اہمیت، طہارت، اذان و اقامت، مساجد کا بیان، نمازوں کے اوقات، جماعت اور امامت کے احکام، نماز کا طریقہ، جمعہ کی نماز، عیدین کی نماز، نماز جنازہ، نمازِ تراویح، نفلی نمازیں، نماز کے بعض متفرق مسائل پر مدلل اور باحوالہ مواد فراہم کیا گیا ہے۔ صحابہ کرام ﷡ کی اکثریت اور جماعت صحابہ ﷡ میں بڑے بڑے لوگ جو اکثر و بیشتر آپ ﷺ کی مجلس میں رہتے تھے اور رسول اللہ ﷺ کے نماز پڑھنے کو اپنی آنکھوں سے دیکھتے تھے۔ وہ کس طرح نماز ادا کرتے تھے، کے بارے میں عام مسلمانوں کے لیے بہت سی معلومات یک جا کر دی گئی ہیں۔ کتاب اپنے اسلوب اور مواد کے لحاظ سے منفرد اور بے حد مفید ہے۔

❑ کتاب: مولانا سید حسین احمد مدنیؒ　　　مرتب: مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت: ۲۷۲ صفحات　　　قیمت: ۱۲۰/- روپے

ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس۔ خالق آباد نوشہرہ (سرحد)

کوئی بھی دور ایسا نہیں گزرا کہ جس میں اللہ تعالیٰ نے اہل علم و دانش پیدا نہ کئے ہوں۔ جنہوں نے گہری تاریکیوں